اگر آپ **ایک سیاہ فام یا لاطینی ہائی اسکول طالب علم ہیں جو ایک نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول میں 2021 سے 2024 تک شرکت کر رہے ہیں یا کریں گے**

(یا ایک سیاہ فام یا لاطینی ہائی اسکول طالب علم کے والدین یا سرپرست ہیں جو ایک نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول میں 2021 سے 2024 تک شرکت کر رہے ہیں یا کریں گے)

**براہِ کرم تصفیہ کی اس اطلاع کا مطالعہ کریں** جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اور پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ کے ساتھ کیا گیا ہے، کیونکہ آپ کے حقوق متاثر ہو سکتے ہیں۔

یہ کلاس نالش مقدمہ کا مجوزہ تصفیہ ان سیاہ فام اور لاطینی طلبا کے حقوق کو متاثر کرتا ہے جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکولوں میں جارہے ہیں یا جائیں گے اور جو پبلک اسکولوں کی اتھلیٹک لیگ میں 2021 سے 2024 کے درمیان ہائی اسکول کھیل کھیلتے ہیں یا کھیلنے کے قابل ہونگے۔

اگر یہ تصفیہ منظور ہو جاتا ہے، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اور پبلک اسکولوں کی کھیلوں کی لیگ نے اتفاق کیا ہے کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے پبلک اسکولوں میں کھیلوں کی ٹیموں میں تبدیلی لائی جا ئے گی، جیسا کہ ذیل میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

برائے مہربانی اس مجوّزہ تصفیہ کے متعلق مکمل معلومات کے لیے اس منسلکہ اطلاع نا مے کا مطالعہ کریں۔



13141880v.1
T&I 33563 (Urdu)

نیویارک ریاست کی عدالت عظمیٰ، نیویارک کاونٹی

**Moises Jimenez اور دیگر بمقابلہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم، اور دیگر**

**اگر آپ ایک سیاہ فام اور لاطینی طالب علم ہیں جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکولوں میں جاتے ہیں یا جائیں گے اور جو پبلک اسکولوں کی کھیلوں کی لیگ میں 2021 سے 2024 کے درمیان ہائی اسکول کھیل کھیلتے ہیں یا کھیلنے کے قابل ہونگے، آپ اس کلاس نالش مقدمہ کا ایک حصہ ہیں۔**

**چاہے آپ کوئی قدم اُٹھائیں یا نہ اُٹھائیں، آپ کے قانونی حقوق اس مقدمے سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ اس اطلاع کا بغور جائزہ لیں۔**

یہ مجوّزہ تصفیہ ("تصفیہ") ایک کلاس نالش مقدمہ کو حل کرتا ہے جس میں دعوہ کیا گیا ہے کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ("DOE") اور پبلک اسکولوں کی کھیلوں کی لیگ ("PSAL") نے سیاہ فام اور لاطینی ہائی اسکول طلبا کو دوسرے نسل و نسب کے طلبا کے مقابلے میں کم PSAL کھیلوں کی ٹیمیں دستیاب کر کے ان کے ساتھ غیر منصفانہ اور عدم مساویانہ سلوک کیا ہے۔ محکمئہ تعلیم نے ان الزامات سے متعلق کسی غلط عمل کی تردید کی ہے۔

اس مقدمے کو حل کرنے کے لیے، DOE اور PSAL نے اتفاق کیا ہے کہ سیاہ فام اور لاطینی ہائی اسکول طلبا کے لیے PSAL کھیلوں میں زیادہ مواقع تشکیل دیے جانے کے لیے خصوصی اقدامات اُٹھائے جائیں گے۔ اس تصفیہ کے مطابق کلاس اراکین کے حقوق ذیل میں درج ہیں۔

## اس تصفیہ میں آپکے قانونی حقوق اور انتخابات:

1. **مقصد** ← اگر آپ اس تصفیہ سے متفق نہیں ہیں تو آپ عدالت کو خط تحریر کرسکتے ہیں۔
2. **منصفانہ سماعت میں جائیں** ← آپ عدالت میں تصفیہ کے منصفانہ ہونے سے متعلق کچھ کہنے کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔

- **اگر آپ کوئی اقدامات نہیں لیتے**،اور جج اس تصفیہ کو منظور کر لیتا ہے، تو آپ بطور ایک کلاس رکن اس تصفیہ کی شرائط کے پابند ہوں گے۔
- اس اطلاع میں ان حقوق اور انتخابات کی وضاحت کی گئی ہے۔ **ان حقوق اور انتخابات پر عمل کرنے کی کچھ حتمی تاریخیں ہیں۔**

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں یا آپ اس تصفیہ کے مکمل اقرار نامے کی ایک نقل حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو نیو یارک وکلاء برائے عوامی امور کو اس پر کال کریں 212-244-4664، یا ای میل کریں، fairplay@nylpi.org یا www.nylpi.org/get-help/ پر جائیں



13141880v.1
T&I 33563 (Urdu)

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### 1. یہ قانونی مقدمہ کس بارے میں ہے؟

یہ مقدمہ، **Moises Jimenez اور دیگر بمقابلہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اور دیگر ہے. اشاریہ نمبر 2018/155825**، ان سیاہ فام اور لاطینی طلبا کی جانب سے دائر کیا گیا تھا جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ہائی اسکولوں میں شرکت کرتے ہیں۔ وہ بعد از اسکول کھیلوں میں زیادہ مواقع چاہتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ PSAL کو ایسا کرنے کے لیے اپنی پالیسیوں اور طریقئہ کار میں تبدیلی لانے کی ضرورت ہے۔ PSAL، جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کا حصہ ہے، فیصلہ کرتا ہے کہ ہائی اسکولوں کو کس طرح کھیلوں کی ٹیمیں دی جائیں تاکہ وہ دیگر ہائی اسکولوں کے خلاف مقابلہ کر سکیں۔

طلبا نے اس مقدمہ کا آغاز 21 جون، 2018 میں شکایت درج کر کے کیا تھا۔ یہ دستاویز بیان کرتا ہے کہ DOE اور PSAL (دونوں ملکر، "مدعا علیہان") نے نیویارک شہر انسانی حقوق کے قانون کی خلاف ورزی کی ہے کیونکہ انہوں نے سیاہ فام اور لاطینی ہائی اسکول طلبا کے ساتھ دوسرے نسل و نسب کے طلبا کے مقابلے میں کم کھیل کی ٹیمیں دے کر غیر منصفانہ اور غیر مساویانہ سلوک کیا ہے مدعا علیہان اس سے انکار کرتے ہیں کہ انہوں نے کوئی غلط کام کیا ہے۔

### 2. ایک مقدمہ کیا ہوتا ہے؟

ایک "مقدمہ" ایک فرد (یا افراد کے گروہ) کو اجازت دیتا ہے کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ انہیں نقصان پہونچایا گیا ہے، وہ دوسرے فرد (یا تنظیم) کے خلاف ایک باضابطہ دعویٰ کر سکتے ہیں، جس میں دعویٰ کیا جائے کہ انہوں نے ان کو نقصان پہنچایا ہے۔ مقدمہ عدالت میں دائر کیا جاتا ہے، اور ایک جج اسکی نگرانی کرتا ہے۔ جج یا جیوری سے یہ فیصلہ کرنے کا کہا جا سکتا ہے کہ کون صحیح ہے یا جیسے یہاں ہوا ہے، فریقین اس معاملے کے "تصفیہ" پر متفق ہو گئے کیونکہ انہوں نے اس بارے میں اتفاق کر لیا ہے کہ کیا کرنا چاہئیے۔

### 3. ایک کلاس نالش کیا ہے؟

ایک "کلاس نالش" ایک مقدمہ ہے جسے چند افراد نے ملکر شروع کیا ہے (جنہیں "کلاس نمائندگان" کہتے ہیں) جو ایک بڑے گروہ ("کلاس" کہلاتا ہے) کی نمائندگی کرتا ہے ۔ یہ کلاس اہم مشابہتوں کا اشتراک کلاس نمائندگان کے ساتھ کرتی ہے اور نتیجے کے طور پر انہیں ایک جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس مقدمے میں، کلاس نمائندگان نیویارک شہر پبلک اسکول کے انفرادی سیاہ فام اور لاطینی طلبا کا ایک گروہ ہے— Moises Jimenez، Devaun Longley اور انکے چند ہمسر— اور اس کلاس میں شامل ہیں **تمام** سیاہ فام اور لاطینی طلبا جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکولوں میں جاتے ہیں یا جلد جائیں گے اور 2021 سے 2024 کے درمیان PSAL کے ذریعے ہائی اسکول کھیل کھیلیں گے یا کھیلنے کے قابل ہونگے۔

### 4. اس نالش میں اس کلاس کا نمائندہ کون ہے؟

**تمام طلبا جن کی شناخت بطور سیاہ فام، افریقی امریکی، ہسپانوی، یا لاطینی نسل یا نسب ہے جو کسی نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول میں بہار 2024 تک جاتے ہیں ( یا جائیں گے) اور PSAL کے ذریعے ہائی اسکول کھیل کھیلتے ہیں (یا کھیلنے کے قابل ہونگے)۔**

اسکا مطلب ہے کہ اگر یہ وضاحت اس تصفیہ کے 2021-2024 کے دورانیے میں آپ پر صادق آتی ہے، آپ کو اس تصفیہ کی شرائط سے فائدہ پہونچے گا۔

## 5. یہ تصفیہ کیوں ہوا؟

بجائے اسکے کہ جج اور جیوری کے سامنے بحث و مباحثہ میں وقت صرف کریں، کلاس نمائندگان اور مدعاعلیہان نے یہاں کمرہ عدالت سے باہر ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کر لی۔ اس طرح سے وہ مقدمے کے اخراجات اور خطرے سے بچ جائیں گے، اور کلاس جلد مراعات حاصل کرلے گا۔ یہ مقدمہ نمٹانے کا ایک عام طریقہ ہے۔ جج نے کسی فریق کے حق میں فیصلہ نہیں دیا۔ اسکے بجائے، دونوں فریقین نے ایک تصفیہ پر اتفاق کیا ہے جو انکے حساب سے منصفانہ، جائز اور مناسب ہے۔

سب سے زیادہ اہم یہ ہے کہ، کلاس نمائندگان اور انکے وکلاء سمجھتے ہیں کہ یہ تصفیہ تمام کلاس اراکین کے بہترین مفاد میں ہے۔

## 6. کیا یہ تصفیہ حتمی ہے؟

تقریباً، مگر ابھی نہیں۔ نیویارک عدالت عظمیٰ کے ایک جج کو ابھی اس تصفیہ کو حتمی ہونے کے لیے اسے منظور کرنا باقی ہے۔ پہلے تصفیہ کی ایک منصفانہ سماعت ہوگی جو **9 مارچ، 2022** کو **صبح 10 بجے** مقرر کی گئی ہے۔ اس سماعت کے بعد، جج فیصلہ کریگا کہ آیا اس تصفیہ کو منظور کرکے حتمی قرار دیا جائے اور اسے "واجب التعمیل" بنایا جائے، یعنی کہ PSAL، DOEاور اس کلاس کو وہ سب کرنا ہے جو اس میں کہا گیا ہے۔

اگر جج اس تصفیہ کو منظور کر لیتا ہے اور یہ حتمی ہو جاتا ہے، DOE اور PSAL کو اس تصفیہ میں خط کشیدہ کاروائیوں کے ذریعے ہائی اسکول کھیلوں تک رسائی میں وسعت لانی ہو گی اور جج— اس کلاس کے وکلاء— انکی پیشرفت پر نظر رکھیں گے۔ اس کاروائی کے دوران، کلاس اراکین اس مقدمہ میں احاطہ کیے گئے انہی مسائل پر DOE یا PSAL پر دعوہ دائر نہیں کر سکتے۔

## 7. کیا اس مقدمے میں میرا کوئی وکیل ہے؟

اگر آپ ایک کلاس رکن ہیں، تو پھر جی ہاں۔ New York Lawyers for the Public Interest, Inc کے وکلاء، Patterson Belknap Webb & Tyler LLP، اور Emery Celli Brinckerhoff Abady Ward & Maazel LLP اس تصفیہ کے لیے آپ کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ آپ ان سے 212-244-4664 پر فون کر کے یا fairplay@nylpi.org پر ای میل کرکے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اس مقدمے یا تصفیے میں ان وکیلوں کی آپکی نمائندگی کے لیے آپکو کوئی خرچہ برداشت نہیں کرنا ہوگا۔ اسکے بجائے، ان وکلاء کی ادائیگی اس صورت میں مدعاعلیہان کی جانب سے اس تصفیہ کے حصے کے طور پر کی گئی ہے۔

اگر آپ خود اپنے وکیل کے ذریعے اپنی نمائندگی چاہتے ہیں، تو آپ اپنے خرچ پر کسی وکیل کو رکھ کرسکتے ہیں۔

## 8. DOE اور PSAL نے اس تصفیہ کے دورانیے میں کیا اقدامات لینے کا وعدہ کیا ہے؟

اگر یہ تصفیہ منظور ہو جاتا ہے، DOE اور PSAL، کو اس تصفیہ کے دورانیے میں چند اقدامات لینے ہونگے، جس کا آغاز منظور ہونے کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے اور 2024 کو ختم ہوتا ہے۔

خصوصاً DOE اور PSAL کو ذیلی اقدامات اٹھانے ہونگے:

- مشترکہ رسائی پروگرامز، یا "SAPs،" (ذیل میں مزید وضاحت سے بیان کیا گیا ہے) کی توسیع ان مخصوص اسکول ضلعوں میں کی جائے گی جہاں PSAL کھیلوں کی ٹیموں تک رسائی شہرگیر اوسط میں سب سے کم ہے، اور
- 2021-2022، 2022-2023، اور 2023-2024 کے ہر تعلیمی سال میں مخصوص انفرادی DOE ہائی اسکولوں میں کم سے کم پانچ ٹیموں کا اضافہ کیا جائے گا۔ ان کا ہدف وہ ہائی اسکول ہونگے جن کے پاس سب سے کم PSAL کھیلوں کی ٹیمیں ہیں جو جغرافیائی یا دیگر وجوہات کی بنا پر کسی SAP میں حصہ نہیں لے سکتے۔

**SAPs کی توسیع+ نئی اضافہ کردہ ٹیموں سے بہار سمسٹر 2024 تک کم سے کم 200 نئی PSAL ٹیمیں بننے کی ضمانت دی جا سکے گی۔**

اسکے علاوہ، DOE اور PSAL کو ذیلی اقدامات اٹھانے ہونگے:

- چھہ کُل وقتی کھیلوں کے منتظمِ اعلی اور ایک نظام الاوقات کار (شیڈولر) بھرتی کرنا ہونگے تاکہ اس نئے کھیلوں کے پروگراموں کی نگرانی کریں؛ اور
- ایک ایسا نظام دیا جائیگا جسے طلبا اور والدین "اصل وقت" میں تبصرے دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں کہ یہ نئے پروگرامز کس طرح جا رہے ہیں۔

**مشترکہ رسائی پروگرامز (جسے SAPs کہتے ہیں) کی توسیع:**

وہ اصل طریقہ جس سےPSAL ،DOE کھیلوں کی ٹیموں تک رسائی اس کلاس کے لیے بڑھائے گا وہ ہے مشترکہ رسائی پروگرامز کی تشکیل اور توسیع ("SAPs")۔ اس نمونے کے مطابق، جو اسکول ایک دوسرے کے نزدیک ہیں انکا ایک گروپ بنا دیا جائیگا تاکہ PSAL کھیلوں کی ٹیموں کا آپس میں اسشتراک کر سکیں اور اس طرح ملکر کھیلوں کی مزید ٹیمیں بن جائیں گی بجائے اسکے کہ ہر اسکول کی الگ الگ ہوں۔

اسکا مطلب یہ ہوگا کہ اگر آپ ایک چھوٹے ہائی اسکول میں جاتے ہیں، ہو سکتا ہے کہ آپ کسی قریبی ہائی اسکولوں کے طلبا کی کسی ٹیم میں کھیلنے لگیں۔ اس نظام سے آپ کو مختلف کھیل کھیلنے کے مواقع اور انتخابات مل سکیں گے اور ان ٹیموں کے انتخابات میں اضافہ ہو گا جن میں آپ جانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے اسکول کو SAP کا ایک حصہ منتخب کر لیا جاتا ہے، آپ ایک طالب علم کھیل سروے میں حصہ لیکر PSAL کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کونسا کھیل کھیلنا چاہتے ہیں۔ یہ طالب علم کھیل سروے PSAL کی یہ فیصلہ کرنے میں مدد کریگا کہ آپکے SAP کے لیے کونسی نئی کھیلوں کی ٹیمیں تشکیل دینا ہونگی۔

اس تصفیہ میں کافی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے کہ کس طرح SAP کو وضح اور نافذ کیا جائیگا۔ ذیل میں ایک "معلوماتی صفحہ" (چیٹ شیٹ) ہے جس میں دکھایا گیا کہ کن ضلعوں کو اس تصفیہ کے ذریعے نئے SAP دیے جانے کی تجویز ہے اور کب تک، گو کہ یہ اضلاع تبدیل ہو سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **اضلاع 1، 9، 12، 23، 32** | **یہ اضلاع پہلے ہی سے ایک SAP تجرباتی پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔ بہار 2022 کے دورانیے تک، PSAL ان ضلعوں میں SAPs کی تعداد 10 تک بڑھا دیگا۔** |
| **اضلاع 14, 15, 16** | ان اضلاع میں بہار 2022 کے دورانیے تک کم از کم ایک SAP ہوگا، اور بہار 2023 کے دورانیے تک کم از کم پانچ ہو جائیں گے |
| **اضلاع 2, 5, 6, 7 اور 19** | ان اضلاع میں بہار2023 کے دورانیے تک کم از کم ایک SAP ہوگا، اور بہار 2023 کے دورانیے تک مزید ایک SAP کا اضافہ ہو جائیگا۔ |
| **اضلاع 4, 17, 24 اور 29** | ان اضلاع میں بہار 2024 کے دورانیے تک کم از کم ایک SAP ہوگا۔ |
| **اضلاع 8 اور 13** | ان اضلاع میں موجود اسکولوں میں جہاں طلبا کے پاس 12 کھیلوں کی ٹیموں سے کم تک رسائی حاصل ہے بہار2024 کے دورانیے تک کم از کم ایک SAP ہوگا۔ |
| **Bronx Early College Academy** | اس اسکول کی بہار 2022 تک SAP کے ذریعے کم از کم آٹھ ٹیموں تک رسائی حاصل ہو جائیگی۔ |
| **Urban Assembly Bronx Academy of Letters** | اس اسکول کو بہار 2022 تک ایک SAP میں شامل کر لیا جائے گا۔ |
| **In-Tech Academy High School** | اس اسکول کو بہار 2022 تک ایک SAP میں شامل کر لیا جائے گا۔ |

## 9. مجھے یہ کیسے معلوم ہوگا کہ DOE اور PSAL اپنے وعدوں پر عمل درآمد کر رہے ہیں؟ اگر وہ ایسا نہیں کر رہے ہیں تو کیا ہوگا؟

اگر جج اس تصفیہ کی منظوری دے دیتا ہے، DOE اور PSAL کو اس تصفیہ کے مطلوبات پر لازمی عمل درآمد کرنا ہوگا۔ وہ وکلاء جو کلاس نمائندگان اور اس کلاس کی نمائندگی کر رہے ہیں اسے یقینی بنانے کے لیے اسکی نگرانی کرینگے کہ DOE اور PSAL اس تصفیہ کے دورانیے میں تصفیہ کے مطلوبات پر عمل درآمد کر رہے ہیں۔ DOE اور PSAL کو اس مقصد کے لیے وکلاء کو چند اعداد و شمار لازمی فراہم ہونگے۔ اگر یہ وکلاء فیصلہ کرتے ہیں کہ DOE اور PSAL کلاس سے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد نہیں کر رہے ہیں، وکلاء کلاس کی جانب سے قانونی چارہ جوئی کرنے کے قابل ہونگے۔

اگر آپ کو خدشہ ہے کہ DOE اور PSAL اس تصفیہ کے مطلوبات پر عمل درآمد نہیں کر رہے ہیں، آپ New York Lawyers for the Public Interest کو اس نمبر پر کال کریں 212-244-4664 یا ای میل کریں FairPlay@nylpi.org۔

## 10.اگر مجھے یہ تصفیہ پسند نہیں ہے تو کیا ہوگا ؟

اگر آپ ایک کلاس رکن ہے، آپ جج سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ اس تصفیہ سے متفق نہیں ہیں یا اسکے کچھ حصے سے، باضابطہ طور پر کہہ کر "اس تصفیہ سے اختلاف کرتا ہوں" (متفق نہ ہونا)۔

اختلاف کرنے کے لیے، آپ کو New York Lawyers for the Public Interest کو ایک خط بھیجنا ہوگا جس میں یہ کہا جائے کہ آپ اس *Moises Jimenez* اور دیگر بمقابلہ *New York City Department of Education* اور دیگر کے اس

تصفیہ سے اختلاف کرتے ہیں۔ اپنے خط میں، آپ کو مخصوص وجوہات دینا ہونگی کہ کیوں آپ کے خیال میں جج کو اس تصفیہ کی منظوری نہیں دینا چاہئیے اور اپنے اختلاف کے حق میں کوئی ثبوت فراہم کریں۔ اسے یقینی بنائیں کہ آپ کا نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر، آپ کے دستخط موجود ہوں، اور یہ کہ کیا آپ (یا ایک وکیل جو آپ کی نمائندگی کرے) اس تصفیہ کی منصفانہ سماعت میں بات کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ اس اختلافی خط کو ذیلی پتے پر **18 فروری، 2022** سے قبل کی ڈاک کی مہر کے ساتھ ارسال کر دیں:

New York Lawyers for the Public Interest
Attn: Sports Equity
West 30th Street, 11th floor 151
New York, NY 10001

New York City Law Department
Attn: Mark G. Toews
Church Street 100
New York, NY 10007

اس کے بعد کلاس کے وکلاء آپ کا خط جج کے سامنے تصفیہ کی منصفانہ سماعت سے پہلے پیش کریں گے۔

آپ چاہیں تو اس تصفیہ کی منصفانہ سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں۔ یہ سماعت **9 مارچ، 2022 صبح 10 بجے** طے کی گئی ہے جو کمرہ نمبر 308 ,Supreme Court of the State of New York, New York County
80 Centre Street, New York, NY میں ہوگی۔